Roll No..........................

# BAUL-202

**Urdu Shayeri**

**(اردو شاعری)**

Bachelor of Arts (BA-12/16/BAS-12) URDU

Second Year, Examination, 2017

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 60**

**(بی۔اے۔سال دوم۔دوسرا پرچہ)**

نوٹ:۔ یہ پرچہ تین حصّوں 'الف'، 'ب' اور 'ج' پر مشتمل ہے۔

تمام حصّوں کے سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق تحریر کیجئے۔

**(حصّہ الف)**

مندرجۂ ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے ۱۵ نمبر ہیں۔

۲×۱۵=۳۰

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ شعر کی تشریح کیجئے۔





(۱)

وہ نئے گلے، وہ شکایتیں، وہ مزے مزے کی حکایتیں
وہ ہر ایک بات پر روٹھنا، تمہیں یاد ہو، کہ نہ یاد ہو

(۲)

یہ بزم مے ہے، یاں کوتاہ دستی میں ہے محرومی
جو بڑھ کر خود اٹھالے ہاتھ میں مینا اسی کا ہے

(۳)

سمجھتے کیا تھے؟ مگر سنتے تھے ترانہ درد
سمجھ میں آنے لگا جب تو پھر سنا نہ گیا

(۴)

طبل و علم ہی پاس ہے اپنے نہ ملک و مال
ہم سے خلاف ہو کے زمانہ کرے گا کیا

(۵)

نہ پوچھ عالم برگشتہ طالعی آتش
برستی آگ جو باراں کی آرزو کرتے

(۶)

جی ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت، کہ رات دن
بیٹھے رہیں تصور جاناں کئے ہوئے

یا

مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔

ظلم کی قسمت ناکارہ و رسوا سے کہو!
جبر کی حکمت پرکار کی ایما سے کہو!
محمل مجلس اقوام کی لیلا سے کہو!
خون دیوانہ ہے، دامن پہ ٹپک سکتا ہے
شعلہ تند ہے، خرمن پہ لپک سکتا ہے
تم نے جس خون کو مقتل میں دبانا چاہا
آج وہ کوچہ و بازار میں آنکلاہے
کہیں شعلہ، کہیں نعرہ، کہیں خنجر بن کر

۲۔ مرزا غالب کی ولادت، خاندان اور تعلیم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

۳۔ شاد عظیم آبادی کے سوانحی حالات سپرد قرطاس کیجئے۔

۴۔ ساحر کی شاعرانہ خصوصیات پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی شاعری میں عورت کا مقام متعین کیجئے۔





## (حصّہ ب)

درج ذیل سوالات میں سے کسی چار سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے ۵ نمبر ہیں۔ ۴×۵=۲۰

۱۔ غالبؔ کی غزل گوئی پر بحث کیجئے۔

۲۔ آتش کے شاگرد بنارس کیوں نہیں گئے۔ مختصر لکھئے۔

۳۔ اصغر کے کلام میں ندرت پر ایک نوٹ لکھئے۔

۴۔ تشبیہ کسے کہتے ہیں؟ مع مثال پیش کیجئے۔

۵۔ شاد عظیم آبادی کے سوانحی حالات مختصر قلم بند کیجئے۔

۶۔ ساحر کی شاعرانہ خصوصیات کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟ واضح کیجئے۔

۷۔ مومن کے حلیہ اور لباس پر اپنی معلومات رقم کیجئے۔

۸۔ کیفی اعظمی کی نظم ''مکان'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔

## (حصّہ ج)

درج ذیل سبھی دس (۱۰) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ہر سوال ۱ نمبر کا ہے۔ ۱×۱۰=۱۰

دیے گئے معروضی سوالات کے صحیح جوابات تحریر کیجیے۔

۱۔ ساحر نے ۱۹۴۸ء میں دہلی میں کس ماہنامہ کا اجرا کیا؟

(الف) شاہراہ

(ب) سویرا

(ج) پربت لڑی

(د) نیا دور

۲۔ ''ساگر کے کنارے'' کش شاعر کی نظم ہے؟

(الف) آتش

(ب) جگر

(ج) غالب

(د) مخدوم

۳۔ کیفی اعظمی کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

(الف) ۱۸/دسمبر ۱۹۱۸ء

(ب) ۱۹/جنوری ۱۹۱۹ء

(ج) ۲۰/فروری ۱۹۲۰ء

(د) ۲۱/مارچ ۱۹۲۰ء





۴۔ ''مکر شاعرانہ'' کس شاعری کی خصوصیات ہیں؟

(الف) یگانہ چنگیزی

(ب) اصغر گونڈوی

(ج) آتش لکھنوی

(د) مومن خاں مومن

۵۔ شاد عظیم آبادی کا اصل نام کیا ہے؟

(الف) علی احمد

(ب) علی محمد

(ج) محمد علی

(د) احمد علی

۶۔ یگانہ چنگیزی کا شعری مجموعہ کون سا ہے؟

(الف) تلخیاں

(ب) نشتر یاس

(ج) سرخ سویرا

(د) ریاض عمر

۷۔ اصغر گونڈوی کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(الف) گونڈہ

(ب) بہرائچ

(ج) بارہ بنکی

(د) گورکھپور

۸۔ ''سرودِ زندگی'' شعری مجموعہ کس .....ء میں شائع ہوا؟

(الف) ۱۹۳۴ء

(ب) ۱۹۳۵ء

(ج) ۱۹۳۶ء

(د) ۱۹۳۷ء

۹۔ شاد کی شاعری میں کس شاعر کی شاعری کا رنگ جھلکتا ہے؟

(الف) ولی دکنی

(ب) اقبال

(ج) میر تقی میر

(د) فانی بدایونی





۱۰۔ درج ذیل شعر کس کا ہے؟

مصیبت کا پہاڑ آخر کسی دن کٹ ہی جائے گا
ہمیں سر مار کر تیشے سے مر جانا نہیں آتا

(الف) اصغر گونڈوی

(ب) شاد عظیم آبادی

(ج) یگانہ چنگیزی

(د) حسرت موہانی